پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

12 جولائی 2019

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35-A کے تحت ہدایت
یونائیٹیڈ کو آپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بگنان، ویسٹ بنگال۔ مدت میں توسیع

ریزرو بینک آف انڈیا نے عوامی مفاد میں بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35-A کے سب سیکشن (1) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے میں حاصل اپنے اختیار کا استعمال کرتے ہوئے 18 جولائی 2018 کو کام کے اوقات کے بعد سے ''یونائیٹیڈ کو آپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بگنان، ضلع ہاوڑہ PIN-711303، ویسٹ بنگال کو ہدایات جاری کی تھیں جس میں وقتاً فوقتاً توسیع کی جاتی رہی اور ترمیم کی جاتی رہی پچھلی مرتبہ اس میں توسیع 18 جولائی 2019 تک کی گئی تھی۔ ریزرو بینک نے اب عوامی مفاد میں اس میں مزید 3 ماہ کی توسیع 19 جولائی 2019 سے 18 اکتوبر 2019 تک کردی گئی ہے۔ اس ڈائریکٹیو کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی گئی ہے۔

ریزرو بینک کے ذریعہ مندرجہ بالا ہدایات کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کردیا گیا ہے۔ بینک پہلے کی طرح کچھ پابندیوں کے ساتھ اپنی بینکنگ بزنس جاری رکھے گا جب تک کہ اس کی مالی حالت میں بہتری نہیں ہو جاتی۔ ریزرو بینک حالات کے مدنظر ان ہدایات میں وقتاً وقتاً ترمیم کرنے پر غور کرسکتا ہے۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 139/2019-2020